DAWN
08 OCT 2011

Minister assures early DLTL payments

By Parvaiz Ishfaq Rana

KARACHI, Oct 7: Minister for Textile Industry Makhdoom Shahabuddin said on Friday that the distribution of outstanding amounts against Drawback on Local Taxes and Levies (DLTL) would hopefully resume from next week after meeting the prime minister and finance minister.

Speaking at a luncheon meeting organised by Pakistan Apparel Forum (PAF), the minister said that in the budget 2011-12 a sum of Rs7.5 billion had been allocated for payment of DLTL and textile ministry sought Rs3 billion from the government but only Rs1 billion could be released to the State Bank for distribution of drawbacks.

The minister hoped that the remaining Rs2 billion would be received soon and exporters would start getting DLTL payments this month so that they would not face liquidity problems. Last year the DLTL payments began in December.

The minister has convened a meeting of value-added textile sector on October 12 to discuss all issues confronting the sector.

He said a strategy would be evolved in consultation with the textile leaders for implementing of Textile Policy 2009 in letter and spirit.

Shahabuddin said that devastation caused by last year's floods in the country and recent floods in Sindh have caused severe damage to the economy. He hoped with the help of business community and people's support the government will overcome these crises.

Secretary Ministry of Textile Industry Shahid Rashid speaking on the occasion said around 80 per cent of cotton crop in Sindh had been destroyed by recent rains and flood.

He said that the government was estimating 15 million bales production of cotton this season but after the damage caused by rains and floods the crop size would be around 12.5 million bales with 10 million bales from Punjab and 2.5 million bales from Sindh.

The bumper crop in the Punjab was going to offset the losses and damage caused by floods to cotton crop in the Sindh and will help to keep raw cotton price steady, he added.

Javed Bilwani, Chief Coordinator Pakistan Apparel Forum, said that many units were on the verge of bankruptcy and could be salvaged if the government starts the DLTL payments. He further said due to non-payment of refunds industrialists and exporters lost confidence in the government and were relocating their units to other countries.

He demanded that the Rs20 billion collected from textile industry on account of Export Development Fund (EDF) be transferred to Ministry of Textile Industry so that it could be used on improvement of the sector.

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37 - H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI

BUSINESS RECORDER KARACHI SATURDAY 8 OCTOBER 2011

Cotton production target likely to be 12.5 million bales this year

ANWAR KHAN

KARACHI: Pakistan now expects to produce about 12.5 million cotton bales this year, as its production target has scaled down by 2.5 million bales due to heavy rains and floods which caused huge damages to crops in Sindh, said Secretary Textile Industry, Shahid Rasheed on Friday.

"Pakistan is likely to import about 1.5 million cotton bales to meet the industry needs while the country could also export about one million bales," he told a meeting held with the representatives of value-added textile associations at PHMA House. Federal Textile Minister Makhdoom Shahabuddin also attended the meeting. The textile secretary said that Punjab is expected to produce over 10 million cotton bales this year, but the over all production target is unlikely to be met as floods in Sindh have damaged about 60 percent of the expected yield of cotton crop. "Some 12.5 million cotton bales are now expected from both provinces," he added.

He said the leaf virus, which had ruined about 40 percent of cotton crop last year, fortunately did not appear this year to cause any damage to the crops.

He pointed out that import of quality cotton bales was always in demand in Pakistan and the country was likely to import about 1.5 million bales to meet the industry's requirements.

The textile minister, whom the industrialists had invited to have a discussion on the issues of the textile sector, could not appear well-prepared to reply the pinching questions posed to him during the meeting. However, the textile secretary recurrently intervened to answer the textile industrialists' questions.

The minister also assured the industry's representatives of arranging their meeting with the Prime Minister on Oct 12.

He pledged to release Rs 19 billion of drawback levies, which the government had collected under the textile policy to the exporters. He said the textile sector's issues were of genuine nature and the demands of the textile industrialists were not overstated. He assured that he would himself pursue the issue of Rs 19 billion levies drawback to pull out the industry from present liquidity crunch.

The minister said the government would soon overcome power shortage however supply of gas needed rationalisation. He vowed to become the only minister in the history to go an extra mile to solve the textile sector's problems. He urged the newsmen not to ask him for setting a deadline for the industry's problems solution.

He rejected the impression that the cotton shortfall would hit the textile sector, saying that the expected target crop would be suffice to meet the industry's needs this year without any problem of its shortage on the local market. Earlier, Chairman Pakistan Apparel Forum (PAF) Muhammad Javed Bilwani told the meeting that a large number of industrial units had shut down due to persistent liquidity crunch, urging him to resolve the issues of drawback levies to help revive the sick units.

He also demanded the allocation of a separate gas and electricity tariff slab to the textile sector from the general manufacturing sector, as its contribution to the national economy was beyond 60 percent alone.

Representatives of the value-added textile including Saleem Parekh, Junaid Makhda, Rafiq Godil, Khwaja Usman, Naqi Bari, Muzzammal Hussain and others attended the meeting.

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37 - H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI

روزنامہ جنگ کراچی ہفتہ 8/اکتوبر 2011ء

ڈیوٹی ڈرا بیک، برآمد کنندگان کو ادائیگیاں چند ہفتوں میں شروع ہو جائیں گی، وزیر ٹیکسٹائل

لوکل لیویز ڈرا بیک کی ادائیگی پر آئندہ ہفتے وزیراعظم سے بات کی جائے گی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے ٹیکسٹائل مخدوم شہاب الدین نے کہا ہے کہ آئندہ چند ہفتوں میں برآمد کنندگان کو ڈیوٹی ڈرا بیک کے زیر التوا کلیمز کی ادائیگیاں شروع ہو جائیں گی۔ جمعہ کو پاکستان اپیرل فورم کے زیراہتمام پی ایچ ایم اے ہاؤس میں ٹیکسٹائل سیکٹر کی مختلف نمائندہ ایسوسی ایشنز کے ارکان سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ پانچ سالہ ٹیکسٹائل پالیسی پر سنجیدگی سے عملدرآمد کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ لوکل لیویز ڈرا بیک کی ادائیگی کے سلسلے میں آئندہ ہفتے وزیر خزانہ کی موجودگی کے دوران وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے بات کی جائے گی۔ اس موقع پر سیکرٹری ٹیکسٹائل شاہد رشید نے بتایا کہ لوکل لیویز ڈرا بیک کی مد میں رواں سال کے وفاقی بجٹ میں 7.5/ارب روپے مختص کیے گئے تھے۔ وزارت ٹیکسٹائل نے وزارت خزانہ سے 3/ارب روپے طلب کیے تھے جس میں سے حکومت نے ایک ارب روپے اسٹیٹ بینک ارسال کردیے ہیں جبکہ آئندہ چند ہفتوں میں بقیہ 2/ارب روپے بھی مل جائیں گے جس کے بعد برآمد کنندگان کو زیرالتوا کلیمز کی ادائیگیاں شروع کردی جائیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ سال کے بجٹ میں بھی اس مد میں 7.5/ارب روپے رکھے گئے تھے جن کی ادائیگیوں کا آغاز دسمبر 2010ء میں کیا گیا تھا تاہم اس مرتبہ اکتوبر میں ہی ادائیگیاں کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37 - H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI

روزنامہ بیوپار کراچی (3) 18 اکتوبر 2011ء

بارشوں، سیلاب نے کپاس کی فصل کو شدید نقصان پہنچایا' وزیر ٹیکسٹائل

پنجاب میں کپاس کی فصل بہترین ہے، قوی امکان ہے کہ کوئی بحران نہیں ہوگا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر ٹیکسٹائل مخدوم شہاب الدین نے کہا کہ سندھ میں بارشوں اور سیلاب نے کپاس کی فصل کو شدید نقصان پہنچایا تاہم پنجاب میں کپاس کی فصل بہترین ہے جس کے باعث قوی امکان ہے کہ پاکستان میں کپاس کا کوئی بحران نہیں ہوگا، ٹیکسٹائل سیکٹر کو لوکل لیویز ڈرابیک کی مد میں رقم جلد ادا کردی جائے گی، ٹیکسٹائل کے صنعتکاروں کو انکا حق دیا جائے گا اور اس سلسلے میں جلد ہی (باقی صفحہ 3 بقیہ 13 پر)

بقیہ 13 وزیر ٹیکسٹائل

وزیر اعظم اور وزیر خزانہ سے ملاقات کی جائے گی جس میں ٹیکسٹائل سیکٹر کی نمائندہ ایسوسی ایشنز کے اراکین بھی شامل ہونگے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار پاکستان ہوزری مینوفیکچررز ایسوسی ایشن میں پاکستان اپیرل فورم کے چیئرمین جاوید بلوانی اور دیگر ایسوسی ایشن کے نمائندوں سے ملاقات کے دوران خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر سیکریٹری ٹیکسٹائل شاہد رشید، سلیم پاریکھ، رفیق گوڈیل، عارف لاکھانی، نقی باڑی، مزمل حسین، کامران چاندنہ، خواجہ عثمان، ڈاکٹر شہزاد ارشد بھی موجود تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ملک میں بجلی اور پانی کی قلت ہے تاہم جلد ہی بجلی صنعتکاروں کو انکی ضروریات کے مطابق ملے گی جبکہ گیس کی ترسیل کے فارمولے پر از سر نو غور کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ ٹیکسٹائل سیکٹر کے کاز کے لئے جدوجہد کریں گے تاکہ مسائل حل ہونے پر ملکی ٹیکسٹائل برآمدات میں اضافہ ہوسکے۔ مخدوم شہاب الدین نے کہا کہ ٹیکسٹائل پالیسی میں جو اہداف دیئے گئے تھے وہ پورے نہیں ہوئے تاہم پالیسی کو آئے ہوئے 3 سال بھی نہیں ہوئے اور ہم نے ٹیکسٹائل سیکٹر کو 17 ارب 25 کروڑ روپے تقسیم کئے ہیں، ٹیکسٹائل سیکٹر کا حق کسی کو مارنے نہیں دیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ سندھ اور پنجاب میں مجموعی طور پر کپاس کی 15 ملین بیلز متوقع تھیں لیکن سیلاب اور بارشوں نے جو تباہی مچائی ہے اس سے شدید نقصان ہوا ہے اور سندھ میں کپاس کی 60 فیصد فصل متاثر ہوئی ہے البتہ پنجاب میں کپاس کی فصل بہترین ہے جبکہ وائرس نے بھی اس سال کپاس کی فصل کو نقصان نہیں پہنچایا ہے جس کی وجہ سے قوی امید ہے کہ 10 ملین بیلز کپاس کی پیداوار ہوگی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ملک میں کپاس کی پیداوار کتنی ہی ہوجائے، غیر معیاری کپاس ہوجانے سے ہر سال 15 لاکھ بیلز کپاس بیرون ممالک سے درآمد ضرور ہوتی ہے۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ ایک سال پہلے معیشت میں توانائی پڑ چکی تھی لیکن 500 سال بعد بھیانک سیلاب آیا جس سے پورا انفرا اسٹرکچر بہہ گیا ہے، سیلاب اور بارشوں سے ہونے والی تباہ کاریوں نے ملکی معیشت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا، پاکستانی کے لئے یہ بہت بڑا المیہ ہے کہ اسے 10 ارب ڈالر کا نقصان پہنچا ہے تاہم صدر اور وزیر اعظم سمیت انکی پوری ٹیم اس کوشش میں ہے کہ ملک بحران سے نکل آئے۔ اس موقع پر سیکریٹری ٹیکسٹائل شاہد رشید نے بتایا کہ رواں سال ٹیکسٹائل سیکٹر کے لئے حکومت نے ساڑھے 7 ارب روپے مختص کئے ہیں اور دوسرے کوارٹر کے لئے ہم نے حکومت سے 3 ارب روپے مانگے مگر حکومت نے صرف ایک ارب روپے اسٹیٹ بینک کو اس مد میں بھیجے ہیں، ہم نے سیکریٹری خزانہ وقار مسعود سے بات کی ہے اور انہیں بتایا ہے کہ ایک ارب روپے کس طرح ٹیکسٹائل سیکٹر کو تقسیم کر پائیں گے اس لئے مزید 2 ارب روپے فوری دیئے جائیں تو انہوں نے ہم سے وعدہ کیا ہے کہ رواں ماہ میں مزید 2 ارب روپے ہمیں مل جائیں گے، ٹیکسٹائل سیکٹر کا جو حق ہے ہم وہی حکومت سے مانگ رہے ہیں اور اس سلسلے میں ایک میٹنگ 12 اکتوبر کو وزیر خزانہ کے ساتھ میٹنگ بھی ہوگی۔ اس موقع پر جاوید بلوانی نے ٹیکسٹائل سیکٹر کے مسائل سے وزیر ٹیکسٹائل کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ ٹیکسٹائل سیکٹر کی 50 فیصد برآمدات کراچی سے ہے اور اگر کراچی کی صنعتیں بند ہوئیں تو آدھا پاکستان بند ہوگا، ٹیکسٹائل سیکٹر کو لیکویڈیٹی فراہم کی جائے تو بند ہوتی ہوئی صنعتوں کو آکسیجن ملے گی اور مردہ صنعتیں دوبارہ پیداواری عمل شروع کردیں گی۔

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37 - H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI

روزنامہ ایکسپریس، کراچی۔ ہفتہ، 8 اکتوبر، 2011ء

ٹیکسٹائل سیکٹر کو پھنسے ہوئے اربوں روپے کے ریفنڈ جلد ملنے کا امکان

وفاقی وزیر ٹیکسٹائل نے ویلیو ایڈڈ سیکٹر کو 12 اکتوبر کو وزیر اعظم سے بات کرنے کی یقین دہانی کرادی

کراچی (بزنس رپورٹر) وفاقی وزیر ٹیکسٹائل مخدوم شہاب الدین نے ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے لوکل لیویز ڈرابیک کی مد میں اربوں روپے کے پھنسے ہوئے ریفنڈز کے اجرا اور اعلان کردہ ٹیکسٹائل پالیسی پر اسکی روح کے مطابق عمل درآمد کیلیے وفاقی وزیر خزانہ کی موجودگی میں وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے 12 اکتوبر کو اسلام آباد میں بات چیت کا عندیہ دے دیا ہے، وزیراعظم سے بات چیت کے دوران ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کے نمائندے بھی موجود ہوں گے۔ جمعہ کو پاکستان اپیرل فورم کے تحت مختلف ٹیکسٹائل ایسوسی ایشنز پر مشتمل اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر ٹیکسٹائل نے کہا کہ برآمدات کے فروغ اور 5 سالہ ٹیکسٹائل پالیسی پر سنجیدگی سے عمل درآمد کیلیے مذکورہ اجلاس کے بعد ٹھوس لائحہ عمل مرتب کیا جائے گا اور ملکی معیشت وبرآمدات میں ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں نہ صرف ترجیحی بنیاد پر زیرالتوا 19 ارب روپے مالیت کے لوکل لیویز ڈرابیک کی ادائیگیوں کا بندوبست کیا جائے گا بلکہ اس شعبے کو ترغیبات بھی فراہم کی جائیں گی۔ اس موقع پر وفاقی سیکریٹری ٹیکسٹائل شاہد رشید نے بتایا کہ لوکل لیویز ڈرابیک کی مد میں رواں سال کے وفاقی بجٹ میں 7.5 ارب روپے مختص کیے گئے تھے، وزارت ٹیکسٹائل نے وزارت خزانہ سے 3 ارب روپے طلب کیے تھے جس میں سے حکومت نے ایک ارب روپے اسٹیٹ بینک کو ارسال کردیے ہیں جبکہ آئندہ چند ہفتوں میں بقیہ 2 ارب روپے بھی مل جائیں گے جس کے بعد برآمدکنندگان کو زیرالتوا کلیمز کی ادائیگیاں شروع کردی جائیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ سال کے بجٹ میں بھی اس مد میں 7.5 ارب روپے رکھے گئے تھے جن کی ادائیگیوں کا آغاز دسمبر 2010 میں کیا گیا تھا تاہم اس مرتبہ اکتوبر میں ہی ادائیگیاں کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ وزیر ٹیکسٹائل مخدوم شہاب الدین نے کہا کہ ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر انتہائی اہمیت کا حامل شعبہ ہے اور 12 اکتوبر کے اجلاس میں ٹیکسٹائل سیکٹر کیلیے بجلی گیس اور پانی کے علیحدہ رعایتی ٹیرف کے سلسلے میں بھی بات چیت کی جائیگی۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب نے معیشت کی بنیادیں ہلادی ہیں تاہم حکومت عوام اور تاجر برادری کی طاقت سے موجودہ سنگین بحران سے نکل آئے گی۔ وفاقی سیکریٹری نے ایک سوال پر بتایا کہ رواں سال کپاس کی پیداوار کا تخمینہ ایک کروڑ 50 لاکھ گانٹھیں لگایا گیا تھا لیکن سندھ میں سیلاب سے کپاس کی 60 فیصد فصل متاثر ہوئی تاہم پنجاب میں بمپر پیداوار کے باعث توقع ہے کہ مجموعی پیداوار ایک کروڑ 25 لاکھ گانٹھ ہوگی جو ملکی ضروریات کیلیے کافی ہوں گی۔

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37 - H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI